© rasailojaraid.com



# ایڈیٹر برہان کو صدمہ

قارئین برہان کو یہ معلوم کر کے افسوس ہوگا کہ ۱۰ جولائی کو مولانا سعید احمد اکبرآبادی مدیر برہان کا جواں سال بیٹا "عمر سعید" عمر ۴۰ سال مختصر علالت کے بعد انتقال کر گیا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

مولانا کو مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کا صدمہ جانکاہ ابھی تازہ ہی تھا کہ ناگاہ ایک یہ حادثہ بھی پیش آگیا۔ مولانا کو اس قدر سخت صدمہ ہے کہ انھوں نے لکھنا پڑھنا سب ترک کر دیا ہے اور ان پر ایک عالم گمشدگی طاری ہے۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کریں اور مولانا کے لیے بھی دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انھیں صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔

عمیدالرحمٰن عثمانی (منیجر)

© rasailojaraid.com